نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729,E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے اگیتی کپاس کیلئے کھادوں کے متناسب استعمال بارے سفارشات جاری کر دیں

لاہور:19 فروری 2025: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق کپاس کی اگیتی فصل سے بھرپور پیداوار حاصل کرنے کے لئے کمزور زمین میں دو بوری ڈی اے پی + سوا چار بوری یوریا + ڈیرھ بوری ایس او پی / سوا بوری ایم او پی فی ایکڑ استعمال کریں۔ اسی طرح درمیانی زمین کے لئے پونے دو بوری ڈی اے پی + پونے چار بوری یوریا + ڈیرھ بوری ایس او پی / سوا بوری ایم او پی فی ایکڑ استعمال کریں جبکہ زرخیز زمین میں ڈیرھ بوری ڈی اے پی + سوا تین بوری یوریا + ڈیرھ بوری ایس او پی / سوا بوری ایم او پی فی ایکڑ استعمال کریں۔ ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے کہا ہے کہ اگیتی کاشتہ کپاس میں فاسفورس اور پوٹاش والی کھادوں کی تمام مقدار اور نائٹروجنی کھاد کا ¼ حصہ بوقت زمین کی تیاری ڈالیں جبکہ بقایا نائٹروجنی کھاد 4 سے 5 اقساط میں ڈال دیں۔ کاشتکار زمین کی زرخیزی بڑھانے کیلئے کیمیائی کھادوں کے ساتھ گوبر کی گلی سڑی کاشت یا سبز کھاد کا بھی ترجیحاً استعمال کریں۔

☆☆☆☆☆